PUNJAB
Education Foundation

حوالہ نمبر: PEF/N.I./CIR/03-2026-77 تاریخ: ۱۷ مارچ، 2026

محترم درخواست گزاران نواز شریف سکول آف ایمیننس (NSSE)

عنوان: **ابتدائی نتائج برائے درخواست گزاران - نواز شریف سکول آف ایمیننس(NSSE Phase – I)**

السلام علیکم!

نواز شریف سکول آف ایمیننس (NSSE) کے تمام درخواست گزاران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواستوں کی مکمل طور پر جانچ پڑتال کرنے کے بعد ابتدائی نتیجہ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ https://www.pef.edu.pk پر آویزاں کر دیا گیا ہے۔ درخواست گزاران مذکورہ ویب سائٹ پر اپنے شناختی کارڈ نمبر کا اندراج کر کے اپنی درخواست کا نتیجہ دیکھ سکتے ہیں۔

علاوہ ازیں Not selected/Not recommended درخواست گزاران اگر اپیل کرنا چاہتے ہیں تو وہ اپنی اپیل Grievances Redressal Committee (GRC) کو مقررہ تاریخ کے اندر بھجوا سکتے ہیں۔ اپیل جمع کروانے کیلئے پروسیسنگ فیس مبلغ ایک لاکھ روپے (Rs.100,000/-) ناقابل واپسی کا آن لائن چالان پیف ویب سائٹ پر Download->Generate Challan Slip کے لنک (https://www.pefsis.edu.pk/viewchallanform.aspx) پر موجود ہے۔ NSSE پروگرام میں Grievances Redressal کی ٹائپ سیلیکٹ کر کے اپنے کوائف کا اندراج کریں اور چالان پرنٹ کریں۔ پرنٹ شدہ چالان کے ذریعے دی بنک آف پنجاب کی صوبہ بھر میں کسی بھی برانچ میں مقررہ فیس جمع کروا کر اصل رسید اپیل کے ساتھ لف کر کے پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن ہیڈ آفس 52-L گلبرگ III، لاہور بنام ڈائریکٹر New Initiative بذریعہ ڈاک ارسال کر دیں۔ اپیل وصول ہونے کی آخری تاریخ **03 اپریل ، 2026** ہے۔ کوئی بھی اپیل دستی وصول نہیں کی جائے گی۔ آخری تاریخ کے بعد موصول ہونے والی اپیلوں پر کارروائی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔ اپیل فارم اور رسید پر درخواست نمبر لکھنا لازمی ہے۔

نوٹ:

1. واضح رہے کہ اپیل مقررہ تاریخ کے اندر پیف ہیڈ آفس وصول ہونا ضروری ہے۔ مقررہ تاریخ تک اپیل جمع نہ کروانے کی صورت میں بعد ازاں کسی بھی مرحلے کے لئے کوئی اپیل بھی زیرِ غور نہیں لائی جائے گی۔
2. کامیاب درخواست گزاران کے ساتھ دیگر تفصیلات بذریعہ email/سرکلر فراہم کر دی گئی ہیں۔
3. کامیاب نہ ہونے والے تمام درخواست گزاران سے التماس ہے کہ مشتہر قواعد و ضوابط (TORs) کی روشنی میں درخواست کا بغور جائزہ لے کر اپنی اپیل جمع کروائیں۔
4. ایک دفعہ اپیل میں آنے کے جو فیصلہ ہوگا اسے حتمی مانا جائے گا۔ اس کے بعد درخواست گزار کو دوبارہ اپیل کا حق حاصل نہیں ہوگا۔
5. واضح رہے کہ لفافہ پر اپیل برائے نواز شریف سکول آف ایمیننس (NSSE) لکھنا لازمی ہے۔
6. Young Entrepreneur Group اور Individual کیٹگری کے درخواست گزار جو تجربے کی بنیاد پر ریجیکٹ ہوئے ہیں ان کو اپیل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ایسے تمام درخواست گزاران کو پیف کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے فیصلے کے مطابق NSSE Phase-II میں بغیر فیس کے شامل کیا جائے گا۔

خیر اندیش

Nusrat Baqueel

(New Initiatives) ڈائریکٹر

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 2-A, Main Road,
Gulzar-e-Qaid, Old Airport Road,
Rawalpindi. Ph: 051-9330273 & 75

Regional Office Multan
238-B, Model Town, Multan.
Ph: 061-6216399

Scanned with CamScanner